کیا توقع کریں:
ترقی اور گرمیوں کا اسکول

NYC Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

اسکولی سال 14-2013 میں، نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (NYCDOE) نے اس طریق کار میں ترمیم کی ہے جس سے ہم گریڈ 3 سے گریڈ 8 تک کے طلبا کو اگلے گریڈ میں ترقی دینے کے فیصلے کرتے ہیں- یہ تبدیلیاں یقینی بناتی ہیں کہ طلبا کے نیویارک ریاست انگریزی اور ریاضی امتحانات کے اسکور ترقی کے فیصلوں میں اب بنیادی عنصر نہیں ہیں- اسکے بجائے، اسکول ترقی کے فیصلے طالب علم کی پیش رفت کے مختلف پیمائشی طریقوں کی بنیاد پر کرتے ہیں، جس میں ریاستی امتحانات کے ساتھ، رپورٹ کارڈز، طالب علم کی تحریر کے نمونے، پروجیکٹس، تشخیصات، تفویضات اور طالب علم کے دیگر کام شامل ہوسکتے ہیں- اگر آپکے بچے کا ایک انفرادی تعلیمی منصوبہ (IEP) ہے یا وہ ایک انگریزی زبان متعلم ہے، اپنے بچے کے اسکول سے اس بارے میں بات کریں کہ اس طریق کار کا اطلاق کس طرح ہوگا-

ترقی کا طریق کار اور گوشوارہ وقت

مئی – اول جون:
اسکول طالب علم کے کام اور تمام اسکولی سال کے دوران تشخیصات کی بنیاد پر ان طلبا کے ترقی کے پورٹ فولیو تیار کرتے ہیں جو اگلی گریڈ سطح کے لیے ہوسکتا ہے مستعد نہ ہوں-

اوائل جون:
پرنسپل ہر طالب علم کے پورٹ فولیو میں انگریزی زبان فنون اور ریاضی کی صلاحیتوں کے مظاہرے کی بنیاد پر ترقی کی سفارشات کرتا ہے-

گریڈ 8 کے طلبا سے ترقی کے لیے انکے انگریزی، ریاضی، معاشرتی علوم، اور سائنس کے کورسز پاس کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے-

وسط جون:
وہ طلبا جنکو ترقی نہیں ملے گی انکے اہل خانہ کو ایک تحریری اطلاع نامہ ملے گا جس میں انکے بچے کے گرمیوں کے اسکول کے آغاز کی تاریخ اور مقام درج ہوگا-

جولائی:
وہ طلبا جنہیں جون میں ترقی نہیں ملی تھی وہ گرمیوں کے اسکول میں شرکت کریں گے-

وسط اگست:
گرمیوں کے اسکول کے اختتام پر، پرنسپل اس بنیاد پر حتمی ترقی کے فیصلے کرتا ہے کہ آیا طالب علم کا پورٹ فولیو اور گرمیوں کے اسکول کا کام اسکی اگلی گریڈ سطح میں ترقی کے لیے مستعدی کا مظاہرہ کرتا ہے-

وسط اگست:
جون میں ترقی نہ دیئے گئے طلبا کو حتمی ترقی کے فیصلے کا خط بذریعہ ڈاک موصول ہوگا-

اگست کا آخری ہفتہ:
اہل خانہ ترقی کے فیصلے کی اپیل اپنے بچے کے پرنسپل کے پاس تحریری اپیل داخل کروا کے کرسکتے ہیں-

اوائل ستمبر:
نئے اسکولی سال کا پہلا دن

کیا میرے بچے کے اسکول کے پاس میرا درست پتہ موجود ہے؟

اگر آپکے بچے کو جون میں ترقی نہیں ملتی تو اگست میں ایک حتمی ترقی کے فیصلے کا خط گھر کے پتے پر بھیجا جائے گا جو آپکے اسکول میں فائل پر درج ہے- ان خطوط کی یقینی وصولی کے لیے، یقینی بنائیں کہ آپکے بچے کے اسکول میں آپکی رابط معلومات جدید ہیں-

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

کیا توقع کریں:
ترقی اور گرمیوں کا اسکول

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

اسکول ترقی کے فیصلے کس طرح کرتے ہیں؟

ترقی کے فیصلے طالب علم کی اگلی گریڈ سطح کے لیے انگریزی اور ریاضی میں مستعدی کے متعدد پیمانوں کی بنیاد پر ہر اسکول کی پرنسپل کے ذریعے کیے جاتے ہیں۔

- پہلے اساتذہ ان طلبا کی نشاندہی کرنے کے لیے تمام تعلیمی سال سے طالب علم کے کام کا جائزہ لیتے ہیں جو اگلے گریڈ میں انگریزی زبان فنون اور / یا ریاضی میں معاونت کے ساتھ بھی کام کے لیے مستعد نہیں ہونگے۔ ان طلبا کو جنکا کام انکے اگلے گریڈ میں ترقی کے لیے مستعدی کا مظاہرہ کرتا ہے پرنسپل کے ذریعے جون میں اگلے گریڈ میں ترقی دے دی جاتی ہے۔
- اسکے بعد، اساتذہ ان طلبا کے لیے ترقی کا پورٹ فولیو تیار کرتے ہیں جنکا کام یہ مظاہرہ کرتا ہے کہ وہ ہوسکتا ہے معاونت کے ساتھ بھی اگلے گریڈ میں ترقی کے لیے مستعد نہ ہوں۔ اساتذہ DOE کے رہنمائی خطوط کو استعمال کرتے ہوئے پورٹ فولیو کو اسکور کرتے ہیں۔ پرنسپل پورٹ فولیو کے نتائج کی بنیاد پر ترقی کا فیصلہ کرتے ہیں۔

اگر کسی طالب علم کو اسکے پورٹ فولیو کے نتائج کی بنیاد پر ترقی نہیں ملتی ہے تو اس کے لیے گرمیوں کا اسکول تجویز کیا جاتا ہے۔ گرمیوں کے اسکول کے آخر میں، اسکول طالب علم کے کام کا ایک اور جائزہ مکمل کرتے ہیں اور پرنسپل ترقی کا حتمی فیصلہ کرتے ہیں۔

اسکول کس طرح تعین کرتے ہیں کہ کونسے طلبا نے ترقی کا پورٹ فولیو مکمل کیا ہے؟

اسکول ان طلبا کے لیے ترقی کا پورٹ فولیو تیار کرتے ہیں جنکا کام یہ مظاہرہ کرتا ہے کہ وہ ہوسکتا ہے اگلے گریڈ میں ترقی کے لیے مستعد نہ ہوں۔ یہ رپورٹ کارڈ گریڈ، طالب علم کے تحریری نمونے، پروجیکٹس، تشخیصات، تفویضات، اور اسکول کے ذریعے منتخب کیے گئے دیگر کام کی بنیاد پر ہوسکتا ہے۔ ریاستی امتحان کے نتائج ان متعدد عناصر میں سے ایک ہوسکتے ہیں جو اسکول یہ تعین کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں کہ کونسے طلبا پورٹ فولیو مکمل کریں گے لیکن یہ واحد عنصر نہیں ہوسکتا۔

اسکول ان طلبا کے لیے پورٹ فولیو مکمل نہیں کرتے ہیں جنھوں نے انگریزی اور ریاضی میں تمام اسکولی سال کے دوران اپنے کام کی بنیاد پر خاطرخواہ پیش رفت کا مظاہرہ کیا ہو۔ پرنسپل ان طلبا کو جون میں اگلے گریڈ میں ترقی دیتے ہیں۔

ترقی کا پورٹ فولیو کیا ہے؟

DOE کے ترقی کے پورٹ فولیو میں معیاراتی بنیاد پر تشخیصات اور کلاس کا کام شامل ہے۔ اس پورٹ فولیو میں شامل تشخیصات کامن کور تدریسی معیارات سے ہم آہنگ ہیں اور یہ تعین کرنے پر توجہ مرکوز کرتی ہیں کہ آیا طلبا انگریزی زبان فنون اور ریاضی میں اگلے گریڈ کے کام کے لیے مستعد ہیں۔

- انگریزی زبان فنون کے پورٹ فولیو میں تحریری نمونے اور مطالعاتی درستگی اور مطلعاتی فہم کی تشخیصات شامل ہیں۔
- ریاضی کے پورٹ فولیو میں ایک سے ایک اور خودمختارانہ ریاضیاتی تشخیصات اور گریڈ کے مرکزی کام پر مرتکز کلاس کا کام شامل ہیں۔

اگر کوئی طالب علم ریاستی امتحان (امتحانات) میں کم اسکور حاصل کرتا ہے یا امتحان نہیں دیتا، کیا اسکے لیے پورٹ فولیو مکمل کرنا لازمی ہے؟

ضروری نہیں ہے۔ اسکول ریاستی نتائج کو متعدد عناصر میں سے ایک کے بطور یہ تعین کرنے میں استعمال کرسکتے ہیں کہ کونسے طلبا ایک ترقی کا پورٹ فولیو مکمل کریں گے۔ اگر طالب علم کا کام یہ مظاہرہ کرتا ہے کہ وہ ہوسکتا ہے معاونت کے باوجود، اگلے گریڈ کے کام کے لیے مستعد نہ ہو، استاد یہ تعین کرنے کے لیے ایک ترقی کا پورٹ فولیو تیار کرتے ہیں کہ آیا طالب علم نے انگریزی زبان فنون اور ریاضی میں کافی پیش رفت کی ہے۔

گرمیوں کے اسکول میں وقت کا استعمال کس طرح کیا جاتا ہے؟

گرمیوں کے اسکول کا مقصد تقویتی تعلیمی تجربات فراہم کرنا ہے جو طلبا کی اگلی گریڈ سطح کے لیے درکار صلاحیتوں اور علم کے فروغ کی اعانت کرتے ہیں۔ DOE نے گرمیوں کے اسکول کے آخری دو دنوں میں عام طور پر دیے جانے والے امتحان کو ختم کردیا ہے۔ اسکے بجائے، گرمیوں کے اسکول کے اختتام پر، اسکول طلبا کے گرمیوں کے اسکول کے کام اور تشخیصات کے ساتھ انکے پورٹ فولیو کا ایک اور جائزہ مکمل کرتے ہیں۔ طلبا کو اگلے گریڈ میں ترقی پانے کے لیے مطلوبہ ترقی کے معیارات کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔

گرمیوں کا اسکول اضافی کام مکمل کرنے کا موقع مہیا کرتا ہے جو اگست میں ترقی کے لیے انکے پورٹ فولیو میں درج کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپکا بچہ گرمیوں کے اسکول میں شرکت نہیں کرسکتا، آپ پھر بھی اگست کے آخر تک پرنسپل کے پاس ایک تحریری اپیل جمع کرواسکتے ہیں۔ مہتمم پرنسپل کے فیصلے کا جائزہ لیتے ہیں اور حتمی فیصلہ کرتے ہیں۔ گرمیوں کے اسکول میں شرکت نہ کرنا ایک طالب علم کے مہتمم کے جائزے سے پیش تر اپنے پورٹ فولیو میں اضافہ کرنے کے موقع کو محدود کردے گا۔

اگر میں اپنے بچے کی ترقی کے حتمی فیصلے سے مطمئن نہ ہوں تو میں کیا کرسکتا ہوں؟

اگر آپ ترقی کے فیصلے سے مطمئن نہیں ہیں تو آپ اپنے بچے کے پرنسپل کے پاس اگست کے آخر میں ایک تحریری اپیل جمع کرواسکتے ہیں۔ مہتمم اپیل کا جائزہ لیں گے، جو کہ حتمی فیصلہ کرتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے: 311 پر فون کریں یا ذیل پر جائیں
http://schools.nyc.gov/ParentsFamilies